कश्चिद्धीरः प्रत्यगात्मानमैक्षदावृत्तचक्षुरमृतत्वमिच्छन्॥"

संसारे सर्वे मानवाः आत्मतत्त्वं साक्षात्कर्तुं कथं न समर्थाः भवन्ति इति रहस्यम् अस्मिन् मन्त्रे उद्घाटितम् अस्ति। मन्त्रे प्रोक्तं यत् **'स्वयम्भूः'** अर्थात् परमेश्वरः सृष्टिनिर्माणसमये एव मानवानां चक्षुःश्रोत्रादीनि इन्द्रियाणि बाह्याभिमुखानि कृत्वा हिंसितवान् विदारितवान् वा। इन्द्रियाणां स्वभावः एव बाह्यविषयेषु गमनं भवति। अत एव सर्वः सामान्यजनः बहिः दृश्यमानं शब्द-स्पर्श-रूप-रस-गन्धात्मकं प्रपञ्चम् एव पश्यति, अनुभवति, तस्मिन्नेव मग्नः भवति च। स्वस्यैव हृदये विराजमानं नित्यं शुद्धं च **'अन्तरात्मानम्'** सः द्रष्टुं न प्रभवति।

परन्तु एतादृशे संसारे कोऽपि विरलः **'धीरः'** अर्थात् सदसद्विवेकवान्, बुद्धिसम्पन्नः पुरुषः एव बाह्यप्रवाहात् विपरीतां गतिं करोति। यः जन्ममरणपरम्परायाः मुक्तिम् अर्थात् **'अमृतत्वम्'** प्राप्तुम् इच्छति, सः स्वस्य चक्षुरादीनि इन्द्रियाणि विषयेभ्यः पराङ्मुखानि कुरुते। यदा इन्द्रियाणां बाह्यप्रसारः प्रत्याहारेण निरुद्धः भवति, तदा विशुद्धे अन्तःकरणे सः साधकः साक्षात् **'प्रत्यगात्मानम्'** सर्वसाक्षिणं परमात्मानं पश्यति। अत्र इन्द्रियनिग्रहस्य अन्तर्मुखीकरणस्य च अनिवार्यता प्रतिपादिता।

परब्रह्मणः स्वयंप्रकाशकत्वम्

"न तत्र सूर्यो भाति न चन्द्रतारकं नेमा विद्युतो भान्ति कुतोऽयमग्निः।

तमेव भान्तमनुभाति सर्वं तस्य भासा सर्वमिदं विभाति॥"

अस्मिन् मन्त्रे परब्रह्मणः अलौकिकस्य, स्वयंप्रकाशमानस्य, अनिर्वचनीयस्य च स्वरूपस्य परमं वर्णनं कृतम् अस्ति। यमराजः कथयति यत् तस्मिन् परमपुरुषे सच्चिदानन्दमये

ब्रह्मणि सूर्यः प्रकाशं कर्तुं न शक्नोति। तथैव रात्रौ प्रकाशकं चन्द्रमण्डलं वा आकाशे स्थिताः नक्षत्रगणाः अपि तं प्रकाशयितुं न पारयन्ति। यत्र प्रचण्डाः विद्युतः अपि निष्प्रभावाः भवन्ति, तत्र अस्माकं पार्थिवस्य क्षुद्रस्य अग्नेः का वार्त्ता स्यात्? एते सर्वे जडपदार्थाः तं परं तत्त्वं प्रकाशयितुं सर्वथा असमर्थाः सन्ति।

वस्तुतः सः परमात्मा कस्मादपि बाह्यप्रकाशात् न प्रकाशते, अपितु सः स्वयमेव प्रकाशस्वरूपः अस्ति। सः यदा भासते (स्वयं प्रकाशते), तदा एव तस्य मूलचैतन्यप्रकाशम् अनुसृत्य सूर्य-चन्द्रादयः सर्वे आकाशीयपिण्डाः, निखिलं विश्वं, सर्वः संसारः च प्रकाशते। यथा अयःपिण्डः वह्नेः सम्बन्धात् प्रकाशते, तथैव तस्य परमात्मनः **'भासा'** अर्थात् आत्मचैतन्येन एव इदं समग्रं जडजगत् विभाति, प्रकाशमानं च दृश्यते। अतः सर्वेषां प्रकाशानाम् अपि मूलप्रकाशः परब्रह्म एव अस्ति इति अत्र निष्कर्षः।

उपसंहारः:

एते पञ्च मन्त्राः कठोपनिषदः सारभूताः सन्ति, ये संसारस्य क्षणभङ्गुरतां प्रतिपाद्य मानवान् आत्मज्ञानस्य अमरज्योतिं प्रति गन्तुं प्रेरयन्ति। पत्रिकायां मुद्रणार्थम् एतत् प्रारूपं सुरुचिकरं सुवाच्यं च वर्तते।

रजश मोहन गुप्ता
संस्कृत ऑनर्स

तृतीय वर्ष

उपनिषदां आधुनिकजीवने प्रासङ्गिकता

उपनिषदः शब्दः'उप', 'नि' उपसर्गैः 'सद्' मूलं च निर्मितं । यत्र 'उप' इत्यस्य अर्थः 'समीपे' , 'नि' इत्यस्य अर्थः 'अधः' च 'सद्' मूलस्य अर्थः 'उपविष्टः' इति अस्ति। अर्थात् ब्रह्मा-विद्या वा आत्मज्ञानं भक्त्या गुरुसमीपे उपविष्ट इत्यर्थः । आदिशंकराचार्यः अपि वदति —

उपनिगमयति ब्रह्म उपनिषद् वेद-विद्यया।

उपसृत्य निषण्णं वा गुरुं यत्रोपनिषत् भवेत्॥

वैदिकश्रुतिसाहित्यस्य अंतिमभागगत्वात् उपनिषदाः 'वेदांत' इत्यपि कथ्यन्ते । मुक्तिकोपनिषदस्य मते अष्टाधिकशतम् (१०८) उपनिषदः सन्ति । तेषु मुख्यानि तानि सन्ति येषु शङ्कराचार्येन भाष्याणि लिखितानि, तेषु संपूर्णं १० सन्ति। उपनिषदानां प्राथमिकविषयाः ब्रह्म-आत्मा अपि च जगतः सृष्टिः पुनर्जन्म-कर्म-मोक्षः च इति विषये विस्तृताः दार्शनिकविमर्शाः प्रददति । उपनिषदः भारतीयज्ञानपरंपरायाः महत्त्वपूर्णः भागः इति मन्यते। ते भारतीयदर्शनस्य आधारः इति मन्यते । तेषु धार्मिकग्रंथत्वस्य अतिरिक्तं मानवजीवनविषये दर्शनिकज्ञानमपि विद्यते । अद्यत्वे व्यस्ते तनावपूर्ण ए च जीवने मनुष्येभ्यः कृते एते अत्यन्तं उपयोगिनो भवन्ति । एतेषु वर्णितं ज्ञानं मनुष्यान् लौकिकं बन्धनं त्यक्तुं वदति, ये गीतायां सर्वदुःखहेतुः अपि उच्यते ।

कठोपनिषद्-ग्रन्थे वर्णितः यम-नचिकेतायोः संवादः न केवलं आध्यात्मिकशिक्षां प्रदाति अपितु आधुनिकजीवनस्य समस्यासु – भौतिकवादः, तनावः, नैतिकसंकटः, जीवनस्य उद्देश्यं च इति विषये अस्मान् मार्गदर्शनं करोति | यथा अस्य संवादस्य आरम्भे यमः नचिकेतस्य धनेन, राज्येन, समृद्ध्या, दीर्घायुषः च प्रलोभितवान्, परन्तु नचिकेता आध्यात्मिकज्ञानं चिनोति स्म, एतेन आधुनिकसमाजः शिक्षयति यत् जीवनस्य परमं लक्ष्यं मोक्षः एव, यस्य कृते आत्मज्ञानम् आवश्यकम् अस्ति। स्वामी विवेकानन्दस्य प्रसिद्धं उद्धरणं "उत्तिष्ठ जाग्रत मा निवर्तत यावत् लक्ष्यं न प्राप्यते" इति यमनाचिकेतयोः संवादे एकस्मात् श्लोकात् गृहीतम् अस्ति—

उत्तिष्ठत जाग्रत प्राप्य वरान्निबोधत। क्षुरस्य धारा निशिता दुरत्ययादुर्गं पथस्तत्कवयो वदन्ति॥

-कठोपनिषद् १.३.१

बृहदारण्यकोपनिषदि वर्णिते याज्ञवल्क्य-मैत्रेयी-संवादे भौतिकवादस्य अध्यात्मस्य च सन्तुलनं, आत्मज्ञानं, नैतिकजीवनं, पारिवारिकसम्बन्धानां गंभीरता, स्त्रीपुरुषयोः बौद्धिकसमता, आधुनिकयुगे जीवनस्य वास्तविकं उद्देश्यं च इति सन्देशः प्राप्यते ।

न वा अरे पत्युः कामाय पतिः प्रियो भवति, आत्मनस्तु कामाय पतिः प्रियो भवति ।

न वा अरे जायायै कामाय जाया प्रिया भवति, आत्मनस्तु कामाय जाया प्रिया भवति...

-बृहदारण्यक

उपनिषद् २.४.५

ईशावस्योपनिषदस्य प्रथमे एव मन्त्रे जगतः ईश्वरव्याप्तः इति वर्णितः अस्ति, जगतः विषयाः संन्यासेन भोक्तव्याः इति च उक्तम् अस्ति । एतेन आधुनिकमनुष्याः लोभात्, आसक्तितः च विरक्ताः भवेयुः इति शिक्ष्यते-

ॐ ईशा वास्यमिदं सर्वं यत्किञ्च जगत्यां जगत्।

तेन त्यक्तेन भुञ्जीथा मा गृधः कस्यस्विद्धनम् ॥

तथा च सर्वेऽपि उपनिषदाः अस्माकं वर्तमानजीवनस्य उन्नयनार्थं अनुशासितजीवनस्य च प्रज्ञां प्रददति । उपनिषदानां महत्त्वस्य वर्णनं कृत्वा तेषां दुग्धगवस्य उपमा भवति, तस्य दुग्धं दुग्धं करोति इति भगवतः कृष्णस्य चित्रणं भवति, एतत् ज्ञानं गीतायां प्रतिबिम्बितम् अस्ति । उपनिषदस्य महत्त्वं व्याख्यायन्ते सति तस्य तुलना क्षीरदायिगेन सह कृता अस्ति तथा च भगवान् श्रीकृष्णः तस्य दुग्धसदृशं ज्ञानं दुग्धं करोति इति वर्णितः, यत् ज्ञानं गीतायां दृश्यते-

सर्वोपनिषदो गावो, दोग्धा गोपालनन्दनः ।

पार्थो वत्सः सुधीर्भोक्ता, दुग्धं गीतामृतं महत् ॥

सूर्यांश

संस्कृत ऑनर्स

तृतीय वर्ष

ऑपरेशन सिन्दूरम्: नवभारतस्य विजयगाथा

अद्यत्वे भारतवर्षं विश्वरङ्गमञ्चे एकस्य नूतनस्य, निर्भीकस्य तथा दृढसङ्कल्पितस्य राष्ट्रस्य रूपेण उदितमस्ति। विंशति-चतुर्दश-वर्षतः (२०१४) अनन्तरं भारतस्य अस्मिन् नूतनयुगे राष्ट्रभक्तिः, शौर्यं, विकासश्च मिलित्वा एकस्याः अद्भुत-विकासगाथायाः निर्माणं कुर्वन्ति। "ऑपरेशन सिन्दूरम्" इति नाम्ना प्रतीकात्मकं यत् राष्ट्रिय-संकल्पं वयं पश्यामः, तत् राष्ट्रस्य सुरक्षां, स्वाभिमानं च प्रति नूतनदृष्टिकोणं प्रदर्शयति।

सशक्तभारतम्: आक्रामक-रक्षायाः युगम्

२०१४ तः परं भारतस्य रक्षा-नीत्यां क्रान्तिकारी परिवर्तनः दृश्यते। पूर्वं यत् भारतं केवलं रक्षात्मकं आसीत्, अधुना तत् 'सक्रिय-रक्षा' नीतिम् अनुसरति। वर्तमान-भारतं कदापि व्यर्थं न प्रहरति, किन्तु यः राष्ट्रं बाधते, तं शत्रुगृहं प्रविश्यैव दण्डयति। सीमापारं कृतानि 'सर्जिकल स्ट्राइक' तथा 'एयर स्ट्राइक' अभियानानि अस्य प्रमाणानि सन्ति। राष्ट्रस्य सुरक्षा एव विकासस्य प्रथमं सोपानम् इति मत्वा भारतं स्वस्य सामरिकशक्तौ निरन्तरं वृद्धिं करोति।

समृद्धभारतम्: आत्मनिर्भरतायाः उद्घोषः

समृद्ध भारतस्य लक्ष्यं केवलं धनसञ्चयः नास्ति, अपितु 'आत्मनिर्भर भारतम्' इति संकल्पः अस्ति। डिजिटल क्रान्तिः, 'मेक इन इण्डिया' अभियानम्, तथा वैश्विक आर्थिक परिदृश्ये भारतस्य वर्धमानः प्रभावः अस्य प्रमाणम्। अधुना भारतीय-प्रतिभा केवलं राष्ट्रस्य सीमासु न, अपितु अन्तरिक्ष-विज्ञान-प्रौद्योगिकी क्षेत्रेषु अपि विश्वस्य नेतृत्वं कर्तुं सज्जोऽस्ति।

विकसितभारतम्: २०४७-पर्यन्तं दृढनिश्चयः

"विकसित भारत" इति लक्ष्यं केवलं सरकारी योजना नास्ति, अपितु प्रत्येकस्य भारतीयस्य ध्येयम् अस्ति। शिक्षा, स्वास्थ्यं, अवसंरचना तथा सामाजिक-समानता इत्येतेषु क्षेत्रेषु भारतं द्रुतगत्या अग्रसरति। 'ऑपरेशन सिन्दूरम्' इत्यस्य अर्थः केवलं सीमा-सुरक्षा नास्ति, अपितु भारतमातुः भालं विजयस्य सिन्दूरेण सुशोभितं कर्तुं प्रत्येकस्य भारतीयस्य समर्पणम् अपि अस्ति।

उपसंहारः

अद्यतनं भारतं निर्भयं, तेजस्वी तथा च दृढनिश्चयी अस्ति। अस्माकं वीराः सीमां रक्षन्ति, अस्माकं शास्त्रज्ञाः नूतनाविष्कारान् कुर्वन्ति, तथा च राष्ट्रं प्रगतिपथे धावति। वयं गर्वेणेदं घोषयामः यत्- "एतत् भारतं न केवलं जीवति, अपितु स्वशौर्येण विश्वं विस्मापयति।"

चिन्मयानन्दः
संस्कृत ऑनर्स
चतुर्थ वर्ष

<u>विश्वगुरु-भारतः शान्ति-विजयी</u>

सत्यमेव जयते, भारतवर्षं चकास्ति नित्यम्।
अहिंसायाः मन्त्रेण विश्वं जगद-आलोकयति सत्यम्॥
उदीच्ये अमेरिका-देशे, पश्चिमे च इरान-भूमिः।

इजराइल-राष्ट्रेषु संजाता भीषण-समर-धूमिः॥

अस्थिरतायाः गर्ते जगत् इदं संत्रस्तं दृश्यते।

समाधानार्थं च भारतं सदैव आशा-चक्षुषा पश्यते॥

नरेन्द्र-मोदी-नेतृत्वे भारतं नूतनं जगन्निर्माति।

विश्वगुरु ́इत्युपाधिं सात्त्विक-भावेन धारयति॥

न केवलं सैन्य-बलेन, अपि तु मति-कौशलेन।

ऐक भारत, श्रेष्ठ भारत ́इति उद्घोषं कृत्वा बलेन॥

सङ्घस्य संस्कारैः सिञ्चितं राष्ट्रस्य प्रत्येकं कणम्।

वसुधैव कुटुम्बकम् इति भावं धत्ते अद्य क्षणम्॥

अस्माकं करुणा उदारता च न दुर्बलता-प्रतीकम्।

अजेय-शक्तिः सा, या न हन्ति, अपि तु रक्षति सकलम्॥

इरान-इजराइल-सङ्घर्षे भारतं सेतुं निर्मास्यति।

शाश्वत-शान्तेः मार्गं च समग्रां वसुधां दर्शयिष्यति॥

वयं न कस्यापि विनाशं, न च अधर्मं सहिष्यामहे।

भारतस्य अभ्युदयेन, विश्व-कल्याणं साधयिष्यामहे॥

जयतु भारतं, जयतु शान्तिः, जयतु विश्वगुरु-भारतम्।

सङ्कल्पे अस्मिन् दृढाः वयं, जयतु अस्माकं प्रियं भारतम्॥

चिन्मयानन्दः
संस्कृत ऑनर्स
चतुर्थ वर्ष


अदबियत-ए-उर्दू

ڈاکٹر محمد رکن الدین
شعبۂ اردو، ستیہ وتی کالج،
دہلی یونیورسٹی، دہلی

اُردو نہ ہی زوال پذیر ہے اور نہ جدید ٹکنالوجی سے دُور

نوٹ: (یہ مضمون ایک انٹرویو پر مشتمل ہے، یہ انٹرویو روزنامہ 'قومی آواز' کی طرف سے لیا گیا تھا۔) نئی نسل کے اساتذہ سے انٹرویو پر مبنی سلسلہ 'سوال استاد سے' کی چوتھی قسط میں ڈاکٹر محمد رکن الدین سے خصوصی گفتگو ہوئی۔ وہ شعبۂ اُردو، ستیہ وَتی کالج (دہلی یونیورسٹی) سے منسلک ہیں اور ایسی سوچ کے خلاف ہیں کہ اُردو زبان زوال کی شکار ہے۔ وہ طلبا میں اُردو کے تئیں محبت بھی محسوس کرتے ہیں اور اُن میں اُردو کا روشن مستقبل بھی دیکھتے ہیں۔ اس گفتگو میں انھوں نے درس و تدریس کے طریقۂ کار اور جدید ٹیکنالوجی پر بے باک بات چیت کی۔

سب سے پہلے آپ اپنا تفصیلی تعارف کرائیں جس میں پیدائش، والدین کے نام، آپ کی تعلیم، ستیہ وَتی کالج جوائن کرنے کی تاریخ، پسندیدہ مشاغل اور رول ماڈل وغیرہ کا ذکر ہو۔ شائع کتابوں اور اگر انعامات کسی ادارہ سے ملا ہو تو اس کا بھی ذکر کریں۔

میرا نام محمد رکن الدین ہے، میری پیدائش حسن پور، بسبٹہ بازار، میجرگنج، سیتامڑھی، بہار میں 1990 میں ہوئی۔ والد کا نام محمد صفی اللہ انصاری اور والدہ کا نام جمیلہ خاتون ہیں۔ والد صاحب کا پیشہ کاشتکاری ہے اور والدہ گھریلو خاتون ہیں۔ میری ابتدائی تعلیم گاؤں ہی میں ہوئی۔ مجھے یاد آتا ہے کہ 2000 عیسوی میں مدرسہ عربیہ رضا العلوم، حسن پور میں، میں نے ناظرہ قرآن ختم کیا، اس کے بعد درس نظامی کی ابتدا ہوئی، اعدادیہ کی تعلیم گاؤں ہی میں ہوئی، اس کے بعد اولیٰ اور ثانیہ کی تعلیم مدرسہ نور العلوم، کما، سیتامڑھی سے، اس کے بعد ثالثہ کی تعلیم کے لیے جامعہ اسلامیہ، رونا ہی، فیض آباد کا رخ کیا۔ اس کے بعد رابعہ، خامسہ، سادسہ، سابعہ اور فضلیت کی تعلیم ملک کی مایہ ناز دینی درس گاہ جامعہ اشرفیہ مبارک پور، اعظم گڑھ سے حاصل کیا۔ جامعہ اشرفیہ میں رہتے ہوئے میں نے اتر پردیش مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، لکھنو کے کورسیز یعنی مولوی، منشی، کامل، عالم اور فاضل کے امتحانات میں بھی کامیابی حاصل کی۔ اسی دوران 2009 میں شبلی نیشنل کالج، اعظم گڑھ میں

بی اے (اردو، عربی، تاریخ) مضمون میں داخلہ لیا۔ 2011 میں ایم اے (اردو) کے لیے ملک کی مشہور و معروف دانش گاہ جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی میں داخلہ امتحان میں کامیاب ہوا۔ 2013 میں ایم فل (اردو) اور 2015 میں پی ایچ ڈی (اردو) کے لیے منتخب ہوا، 2018 میں ایڈوانس ڈپلوما ان ماس میڈیا ان اردو مکمل کیا۔ اس کے بعد 2020 میں ڈاکٹر آف فلاسفی کی ڈگری جے این یو نے تفویض کیا۔ اکتوبر 2021 سے 2023 تک وزارت داخلہ، حکومت ہند کے ماتحت ایک تربیتی ادارے میں بحیثیت ریسرچ ایسوسی ایٹ کام کرتا رہا، اسی دوران 1 جنوری 2024 میں ستیہ وتی کالج، دہلی یونیورسٹی، دہلی میں بحیثیت اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو میں مستقل تقرر عمل میں آیا۔ میری اب تک تین کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ ''سید تقی عابدی: بحیثیت نقاد و محقق، تحقیقی کاوشیں، 2019 کی تخلیقی، تنقیدی اور تحقیقی نگارشات''۔ چند کتابیں زیر طبع ہیں جن میں ''مہجری محقق و نقاد، نئی بستیوں کے اردو شعبے'' خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اب تک متعدد رسائل و جرائد میں تحقیقی و تنقیدی مضامین 30 کے قریب شائع ہو چکے ہیں۔ اردو اسپکنگ یونین، ماریشس نے 2022 میں تشجیعی انعام سے نوازا ہے۔

1۔ ستیہ وَتی کالج کے شعبۂ اُردو سے جڑ کر آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟ یہ شعبہ جوائن کرنے کے بعد کیا آپ نے کوئی مثبت تبدیلی لانے کی کوشش کی؟

شعبۂ اردو، ستیہ وتی کالج، دہلی یونیورسٹی میں بی اے اردو (آنرس) بی اے پروگرام (ہسٹری۔ اردو) اور (پولیٹیکل سائنس۔ اردو) کی تعلیم جاری ہے۔ ستیہ وتی کالج سے منسلک ہوتے ہی ہماری پہلی کوشش یہ ہوئی ہے کہ اردو زبان و ادب کی تعلیم کے لیے بہتر ماحول بنایا جائے۔ چوں کہ پہلے سے ہی شعبۂ اردو بہت متحرک تھا، تجربہ کار اساتذہ کے ساتھ شعبہ دن رات کام کر رہا تھا۔ میں نے بھی اس روایت کو آگے بڑھایا اور اپنی تدریسی صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے بچوں پر محنت کرنے لگے، جلد ہی ہماری کوشش کامیاب ہوئی اور بچے مستقل کلاس میں آنے لگے۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ تمام بچے مسلسل کلاسیز میں آنے لگے اور کالج کا ماحول اردو کے لیے بہت سازگار ہونے لگا۔ سینئر اساتذہ اور دیگر رفیق کار نے اس کوشش میں شانہ بہ شانہ کھڑے رہیں۔ آج کالج میں شعبۂ اردو دیگر شعبوں کی طرح بہت متحرک و فعال ہے۔

2۔ ستیہ وَتی کالج سے جڑے آپ کو ابھی چند سال ہی ہوئے ہیں، کیا کبھی ایسا لگا کہ شعبۂ اُردو کو دیگر شعبوں کے

مقابلے زیادہ چیلنجز کا سامنا ہے؟

شعبۂ اردو، ستیہ وتی کالج، ایک فعال شعبہ ہے۔ ''قومی تعلیمی پالیسی 2020'' کا نفاذ دہلی یونیورسٹی میں ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی میں بنیادی مضامین اور اختیار مضامین کے علاوہ کچھ کورسیز تمام طلبا و طالبات کو دیگر شعبوں کو اپنانا ہوتا ہے۔ جس میں خاص طور پر ''مہارت افزا کورس'' یعنی Skill Enhancement Course، ''قدر افزا کورس'' یعنی Value Addition Course، اسی طرح ''عمومی اختیاری کورس'' یعنی Generic Elective اور ''صلاحیت افزا کورس'' یعنی Ability Enhancement Course، یہ تمام کورسیز شعبۂ اردو کے علاوہ تمام ڈسپلن کے طلبا و طالبات کے لیے ضروری ہے۔ شعبۂ اردو نے قومی تعلیمی پالیسی کے تحت بہت سارے کورسیز کو متعارف کرایا ہے۔ ان تمام کورسیز کے تحت تقریباً دو ہزار طلبہ شعبۂ اردو کی طرف سے جاری کردہ کورسیز اختیار کرتے ہیں۔ کالج میں شعبۂ اردو کی ایک خاص اہمیت ہے اور تمام طرح کے طلبہ شعبۂ اردو کے کورسیز کو بہت دل چسپی کے ساتھ اختیار کرتے ہیں۔ اس تناظر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ شعبۂ اردو بہتر کام کر رہا ہے۔ دیگر شعبوں کے مقابلے میں اردو کو کسی بھی طرح کی مشکلات یا چیلنجیز کا سامنا اس طرح سے نہیں ہے جس طرح سے لوگ اردو کو لے کر منفی نظریات رکھتے ہیں۔ واضح ہو کہ شعبۂ اردو نے SEC کے لیے چار کورسیز آفر کیا ہے۔ جس میں ''پروگرام میڈیا، ڈیجیٹل فلم پروڈکشن، ویژول کمیونیکشن اینڈ فوٹوگرافی اور ریڈیو جوکی'' خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اسی طرح VAC کے لیے دو کورسیز آفر کیا ہے۔ جس میں ''دی آرٹ آف بینگ ہیپی اور گاندھی اینڈ ایجوکیشن'' خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اسی طرح GE اور AEC کورسیز ریگولر اور کلسٹر طلبہ کے لیے متعارف ہیں۔ ان کورسیز میں بھی بچے بہت دل چسپی لیتے ہیں۔

3۔ اُردو کے تئیں طلبا کی دلچسپی کیسی ہے؟ کئی لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اُردو زوال پذیر ہے۔ آپ اپنے طلبہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اُردو کا مستقبل کیسا دیکھتے ہیں؟

اردو زوال پذیر ہرگز نہیں ہے۔ شعبۂ اردو کے تمام کورسیز میں تقریباً پندرہ سو سے دو ہزار طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ہر برس اچھی خاصی تعداد میں طلبہ اردو آنرس اور اب بی اے پروگرام (ہسٹری۔ اردو)، پولیٹیکل سائنس۔ اردو) میں داخلہ لے رہے ہیں اور ریگولر کلاسیز میں حصہ بھی لیتے ہیں۔ لہذا میں اس خیال سے بالکل متفق نہیں ہوں کہ اردو زوال پذیر ہے۔ اردو زبان و ادب میں سند حاصل کرنے کے بعد بچوں کے لیے بہت مواقع ہیں۔ اسکول، کالج، یونیورسٹی، سول سروسیز، مرکزی اور ریاستی ادارے اور میڈیا ہاؤسیز میں اردو کے لیے بہت مواقع ہیں۔ گویا اس طرح کے خیالات کی

حمایت کسی بھی صورت میں نہیں کی جانی چاہیے کہ اردو زوال پذیر ہے۔ بچے اردو زبان وادب کو لے کر بہت مثبت سوچ رکھتے ہیں اور مستقبل میں بھی اردو میں کیریئر بنانے کے لیے سنجیدگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ نئی نسل اس طرح کے خیالات کو غلط ثابت کریں گے۔

4۔مختلف کالجوں اور یونیورسٹیوں میں شعبۂ اُردو آج بھی جدید ٹیکنالوجی سے دور دکھائی پڑتا ہے۔اس معاملے میں آپ کا کیا تجربہ ہے اور کیا آپ کوئی مشورہ اُردو داں طبقہ کو دینا چاہیں گے؟

سب سے پہلا میرا سوال یہ ہے کہ جدید ٹیکنالوجی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کیا مشین ہی جدید ٹیکنالوجی ہے؟ یا اس کے برعکس زبان وادب، تہذیب وثقافت بھی کوئی چیز ہے؟ ان تمام کے لیے سماج ومعاشرے میں کوئی جگہ ہے یا نہیں؟ اگر جگہ ہے تو اس سوال کا جواب آپ کو مل گیا ہوگا۔ رہی بات کالجوں اور یونیورسٹیوں کے شعبۂ اردو جدید ٹیکنالوجی سے دور ہے، تو میں اس سے اتفاق نہیں رکھتا ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دیگر شعبے خاص طور پر ہومنیٹیز اور سوشل سائنسیز نے کس طرح جدید ٹیکنالوجی کو اپنایا ہے؟ مذکورہ شعبوں نے جس رفتار سے جدید ٹیکنالوجی میں ترقی کی ہے، اسی رفتار سے شعبۂ اردو نے بھی ترقی کی ہے۔ ہمارے پاس ہزاروں ڈیجیٹل لائبریریاں ہیں۔ تمام طرح کے ڈیجیٹل ٹولس اور سسٹم ہیں، جس میں ہم اردو کا استعمال کرتے ہیں۔ اس لیے اردو دیگر شعبوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ کتب، رسائل، مضامین اور تمام طرح کے مواد آج ہمارے اسکرین پر موجود ہیں۔ دنیا میں سوشل میڈیا کے کردار پر سوال اٹھائے جارہے ہیں۔ یورپ کے کئی ممالک نے اسکول میں موبائل، لیپ ٹاپ اور انٹرنیٹ کے استعمال پر پابندی عائد کردی ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے کردار پر سوال اٹھائے جارہے ہیں۔ مارک زکر برگ، لاس انجلس کی عدالت میں کھڑے ہیں۔ والدین بچوں کے مستقبل کو لے کر فکر مند ہیں۔ ہزاروں بچوں نے انٹرنیٹ پر موجود مواد اور اس کے الگورتھم کی وجہ سے جان سے ہاتھ دھونے کے درپے ہیں۔ لیکن زبان اور ادب پر اس طرح کے سوالات کبھی نہیں کھڑے گیے گئے ہیں۔ اس لیے جب تک دنیا ہے اس وقت تک زبان وادب کی اہمیت برقرار رہے گی۔

5۔آپ نے خواجہ محمد اکرام الدین کی سرپرستی میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی، جو اُردو میں یونیکوڈ اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی مہارت رکھتے ہیں۔ آپ نے ان سے کتنا استفادہ کیا، اور اپنے طلبا کو کس طرح مستفید کرتے ہیں؟

ہر انسان کی زندگی میں استاد کی حیثیت بہت اہم ہے۔ جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی میں، میں نے اپنا نگراں

پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین کو منتخب کیا۔ ان کی سدا بہار شخصیت سے ہر اردو داں واقف ہیں۔ انہوں نے اردو کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ مجھے بھی ان سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ ادب اور ٹیکنالوجی کی سمجھ اور اس میدان میں کام کرنے کی ترغیب بھی انہیں سے ملی۔ پھر انہیں کی سرپرستی میں ورلڈ اردو ایسوسی ایشن، نئی دہلی کا قیام عمل میں آیا۔ جس کا مقصد دنیا کے مختلف گوشوں میں موجود اردو کے اساتذہ، ادیبوں، شاعروں، فکشن نگاروں، صحافیوں، طلبا و طالبات اور قلم کاروں سے رابطہ واشتراک اور باہمی تعاون کی سمت میں ایک نئی پہل ہے۔ ورلڈ اردو ایسوسی ایشن کا میں ڈائریکٹر ہوں، بحیثیت ڈائریکٹر عالمی اردو برادری کے لیے ڈیجیٹل پلیٹ فارم مہیا کرانا ہماری ذمہ داری ہے۔ اسی کے ساتھ ورلڈ اردو ایسوسی ایشن کا ترجمان ماہنامہ 'ترجیحات' جو کہ اردو کا واحد آن لائن رسالہ ہے، ایڈیٹر کی ذمہ داری بھی نبھا رہا ہوں۔ اس رسالہ میں مہجری ادیب اور نوجوان نسل کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ آن لائن اردو پڑھانے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم 'آن لائن اردو لرننگ' بھی ہے۔ اس طرح سے اردو میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر استاد محترم کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہوں اور اپنے بچوں کو بھی ان تمام چیزوں کی ترغیب دیتا رہتا ہوں۔ میری بھی یہی کوشش ہے کہ استاد محترم کی ادبی، تہذیبی اور تکنیکی وراثت کو نئی نسل تک بہتر انداز میں پہنچا سکوں۔

Dr. Md Ruknuddin

Assistant Professor

Department of Urdu

Satyawati College, University of Delhi

☆☆☆☆☆

ڈاکٹر افسانہ حیات
شعبۂ اردو، ستیہ وَتی کالج

متفرق اشعار

ملتا نہیں ہے راستہ، گم ہو گئے ہیں ہم
سرگرداں پھر رہے ہیں خود، اپنی تلاش میں

وہ عشق ادھورا چھوڑ دیا، وہ خواب ادھورا چھوڑ دیا
وہ بانٹ رہا تھا آدھا آدھا میں نے پورا چھوڑ دیا

خوابوں کے بکھر جانے تک، زخموں کے بھر جانے تک
ساتھ کچھ دن تو رہو، دل سے اتر جانے تک

بن کے جو راستوں میں رکاوٹ کھڑے رہے
ثابت ہوئے وہ میل کے پتھر میرے لیے

مخلص کہیں جسے یہاں ملتا نہیں کوئی
چاہا جسے بھی ہم نے خدا، ہو گیا وہی

☆☆☆☆☆

بچوں کا پہلا روزہ

ثانیہ سیفی
بی۔اے۔اُردو آنرز، سالِ سوم

میڈم افسانہ جیسے ہی کلاس میں داخل ہوئیں تو تعظیماً تمام بچے فوراً کھڑے ہو گئے اور ایک ساتھ بلند آواز میں بولے،"گڈ مارننگ میم!"

میم نے مسکراتے ہوئے جواب دیا،"گڈ مارننگ بچوں!"

انہوں نے اپنی کتابیں اور رجسٹر میز پر رکھے، عینک اتاری اور کرسی پر بیٹھتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے سب کو بیٹھنے کو کہا۔

کلاس میں سکون چھا گیا، مگر بچوں کی آنکھوں میں آج کچھ خاص جاننے کا تجسس جھلک رہا تھا۔

میم نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا:"چلو بچوں! آج ہم پڑھائی کے بجائے ایک دلچسپ مذاکرہ کرتے ہیں۔ موضوع ہے" پہلا روزہ"۔ یقیناً آپ سب کے ساتھ کوئی نہ کوئی مزے دار واقعہ ضرور پیش آیا ہوگا۔"

یہ سنتے ہی کلاس میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ کچھ بچے ہنسنے لگے، کچھ ایک دوسرے کو کہانیاں یاد دلانے لگے۔

سب سے پہلے شرارتی سی بچی عالیہ فوراً کھڑی ہوگئی اور بولی:"میم! میں بتاؤں؟"

میم نے ہنستے ہوئے کہا،" ہاں عالیہ، تم ہی شروع کرو۔"

عالیہ نے اپنی کہانی شروع کی:"میم، میں نے اپنا پہلا روزہ آٹھ سال کی عمر میں رکھا تھا، اور وہ بھی سخت گرمیوں کے دن تھے۔ سورج ایسے آگ برسا رہا تھا جیسے ہم سب کو بھون دینا چاہتا ہو! صبح تو ٹھیک تھا، لیکن جیسے ہی ظہر کا وقت آیا، مجھے لگا کہ میں ریگستان میں پھنس گئی ہوں۔ پیاس سے میرا گلا سوکھ رہا تھا۔"

کلاس میں ہنسی کی ہلکی آواز گونجی۔

وہ آگے بولی:" پھر میں ظہر اور عصر کے درمیان سو گئی۔ گھر میں سب لوگ سو رہے تھے۔ اچانک میری آنکھ کھلی، اور مجھے لگا کہ میں پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی! میں اچانک اٹھی، آہستہ آہستہ چلتی ہوئی فرج کے پاس گئی، اور ایک ٹھنڈی پانی کی بوتل

نکالی....."

بچے سانس روکے سن رہے تھے۔"اور..... گٹگٹگٹ ..... پوری بوتل ختم!"

یہ سنتے ہی پوری کلاس قہقہوں سے گونج اٹھی۔

عالیہ نے شرمندہ ہوکر کہا:"پھر اچانک مجھے یاد آیا کہ میرا تو روزہ تھا! میرا چھوٹا بھائی یہ سب دیکھ چکا تھا۔ وہ بھاگ کر سب کو بتانے جا رہا تھا۔ میں نے فوراً اسے پکڑ لیا اور کہا بھائی! پلیز کسی کو مت بتانا، مجھ سے غلطی ہوگئی! تو کیا وہ مان گیا؟" ایک بچے نے پوچھا۔" ہاں، اس وقت تو مان گیا.....لیکن کئی سال بعد اس نے سب کے سامنے یہ راز کھول دیا! اب تک سب میرا مذاق بناتے ہیں!"

کلاس ایک بار پھر ہنسی سے گونج اٹھی۔

ابھی ہنسی تھمی ہی تھی کہ معز کھڑا ہو گیا:"میم! اب میری باری!"

کلاس میں شور مچ گیا:"میم پہلے میں!"نہیں میم میں!"

میم نے ذرا اونچی آواز میں کہا:"خاموش! سب کو موقع ملے گا، لیکن ایک ایک کر کے!"

پھر معز نے اپنی کہانی شروع کی:"میم، میرے پہلے روزے میں ابو نے جلیبیاں منگوائی تھیں۔ مجھے کہا گیا کہ محلے میں سب کو بانٹ دو۔ میں بہت خوشی خوشی جلیبیاں بانٹ رہا تھا۔"

وہ تھوڑا رکا، پھر ہنستے ہوئے بولا:"لیکن مسئلہ تب ہوا جب میرے ہاتھ میں چاشنی لگ گئی۔ وہ اتنی میٹھی اور خوشبودار تھی کہ مجھ سے رہا نہ گیا..... میں نے فوراً اپنی انگلیاں چاٹ لیں!" اووو!" پوری کلاس نے ایک ساتھ کہا اور پھر ہنسی کا طوفان آ گیا۔" پھر یاد آیا کہ روزہ ہے.....مگر تب تک دیر ہو چکی تھی!"

میم بھی ہنس پڑیں۔

اب میم کی نظر کلاس کی سب سے چلبلی لڑکی عنایہ پر پڑی، جو آج غیر معمولی طور پر خاموش بیٹھی تھی"عنایہ! آج تم اتنی خاموش کیوں ہو؟ کچھ تم بھی سناؤ۔"

عنایہ نے آہستہ سے مسکرا کر کہا:"میم، میرے پہلے روزے پر ابو نے خاص اہتمام کیا تھا۔ انہوں نے کئی ٹفن تیار کروائے، جن پر خوبصورت اسٹیکر لگے تھے بی پہلا روزہ مبارک بی اور میرا نام بھی لکھا تھا۔"

بچے دلچسپی سے سننے لگے۔"ان ٹفن میں پھل، کھجور، پکوڑے، کچوریاں، چاکلیٹ.....سب کچھ تھا۔ مجھے کہا گیا کہ سب میں تقسیم کر دو۔" پھر؟"میم نے پوچھا۔

عنایہ نے شرارتی انداز میں کہا: "میں نے سوچا..... اگر سب ختم ہو گئے تو؟ تو میں نے چپکے سے دو ٹفن چھپا لیے، تاکہ افطاری میں مجھے بھی کچھ اچھا مل جائے!"

کلاس پھر ہنسی سے گونج اٹھی۔

اتنے میں آہل، جو کافی دیر سے ہاتھ اٹھائے کھڑا تھا، بول پڑا: "میم! اب تو میری باری ہے!"

میم نے کہا، "ہاں آہل، تم بتاؤ۔"

آہل نے معصومیت سے کہا: "میم، میں نے اپنے پہلے روزے میں غلطی سے چورن چاٹ لیا تھا..... کیونکہ مجھے لگا وہ دوا ہے!"

کلاس ہنسنے لگی۔ "اور ایک اور بات..... امی نے بکرے کو کھلانے کے لیے کھیرے کاٹ کر رکھے تھے۔ میں اسے کھلا رہا تھا..... لیکن کھلاتے کھلاتے خود بھی کھا لیا!"

یہ سنتے ہی بچے ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئے۔

اب تو کلاس کا ماحول مکمل طور پر خوشگوار ہو چکا تھا۔ ہر بچہ اپنی کہانی سنانے کے لیے بے تاب تھا۔

میم افسانہ نے مسکراتے ہوئے کہا: "دیکھا بچوں! پہلا روزہ صرف عبادت ہی نہیں، بلکہ خوبصورت یادوں کا خزانہ بھی ہوتا ہے۔ غلطیاں بھی ہوتی ہیں، لیکن یہی باتیں بعد میں ہنسی اور خوشی کا سبب بنتی ہیں۔"

پھر انہوں نے نرمی سے کہا: "لیکن ایک بات یاد رکھو..... روزہ صرف بھوکا پیاسا رہنے کا نام نہیں، بلکہ صبر، برداشت اور سچائی سیکھنے کا بھی نام ہے۔"

کلاس میں خاموشی چھا گئی، مگر اس بار یہ خاموشی سیکھنے اور سمجھنے کی تھی۔

اور یوں ہنسی، خوشی اور سبق کے ساتھ وہ دن بچوں کے لیے ایک یادگار دن بن گیا۔

☆☆☆☆☆

زندگی اتنی مشکل کیوں ہے؟

اقراء رحمان
بی۔اے۔اُردو آنرز، سالِ اول

لائبریری کی کھڑکی سے دھوپ چھن کر میز پر آ رہی تھی، جہاں ڈھیروں کتابیں اور ادھورے نوٹس بکھرے پڑے تھے۔ نازنین نے ایک ٹھنڈی آہ بھری اور اپنا سر دونوں ہاتھوں میں تھام لیا۔ اگلے ہی مہینے سمسٹر امتحانات کا آغاز ہونے والا تھا اور کالج کا پورا ماحول جیسے ایک نفسیاتی جنگ میں تبدیل ہو چکا تھا۔ ہر طرف ٹاپرز کی دوڑ تھی، اسائنمنٹس کا کبھی نہ ختم ہونے والا بوجھ تھا، اور دوسری طرف گھر کے روز بروز بگڑتے ہوئے مالی حالات نے اس کے ذہن کو بری طرح مفلوج کر دیا تھا۔

اس نے بے دلی سے اپنے موبائل پر کلاس کے واٹس ایپ گروپ کا نوٹیفکیشن دیکھا، جہاں ہر کوئی اپنی بہترین تیاری، نوٹس اور ایس جی پی اے (SGPA) کی باتیں کر رہا تھا۔ کسی نے پچھلے سمسٹر کے ہائیسٹ اسکور کا اسکرین شاٹ بھیجا تھا تو کوئی اپنی رات بھر جاگنے کی روٹین شیئر کر رہا تھا۔ نازنین کو لگا جیسے وہ اس اندھی اور تیز رفتار دوڑ میں کہیں بہت پیچھے چھوٹ گئی ہے۔ اس کے دل سے ایک خاموش چیخ نکلی: ”یا اللہ! یہ زندگی اتنی مشکل کیوں ہے؟ کیوں ہر قدم پر خود کو ثابت کرنے کا ایک نیا امتحان سامنے آ کھڑا ہوتا ہے؟ کیا میری راتوں کی نیندیں قربان کرنے اور اس سخت جدوجہد کا کوئی صلہ نہیں ملے گا؟“

مایوسی اس قدر شدید اور تاریک تھی کہ اسے اپنا پورا وجود، اپنی پڑھائی اور اپنی صلاحیتیں بالکل بے معنی محسوس ہونے لگی تھیں، اور دل چاہ رہا تھا کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر کسی گمنام کونے میں جا چھپے۔

اس رات نازنین سو نہ سکی۔ کمرے کے اندھیرے میں اس کے ذہن کے اندر سوالوں اور وسوسوں کا ایک مہیب طوفان برپا تھا۔ وہ بستر سے اٹھی اور آئینے کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئی۔ سامنے کھڑکی سے آتی چاند کی مدھم روشنی میں اسے اپنی تھکی ہوئی، سوجھی ہوئی آنکھیں، بکھرے بال اور چہرے پر ایک ہاری ہوئی، شکست خوردہ لڑکی کی واضح جھلک دکھائی دی۔

اس نے انتہائی دل برداشتگی کے عالم میں سوچا کہ وہ کل ہی کالج جانا چھوڑ دے گی، اس لایعنی دوڑ سے باہر نکل جائے گی، کیونکہ وہ مزید یہ ذہنی دباؤ برداشت نہیں کرسکتی۔ تبھی کمرے کے کونے میں بکھرے سامان کے درمیان اس کی نظر اپنے اُس پرانے مصلے پر پڑی جو اس کی دادی نے اسے دیا تھا۔

سچ تو یہ تھا کہ پچھلے کئی مہینوں سے امتحانات اور پڑھائی کے ہنگاموں میں وہ نمازوں کو صرف ایک میکانکی رسم کی طرح ادا کررہی تھی، جہاں جلدی جلدی سجدہ کرنا اور دنیا کے کاموں کے لیے دوڑ جانا ہی اس کا معمول بن چکا تھا۔ لیکن آج اس کی روح واقعی زخمی تھی اور دنیا کا کوئی سہارا کام نہیں آرہا تھا۔

وہ دھیمے قدموں سے غسل خانے کی طرف بڑھی اور وضو کرنے لگی۔ ٹھنڈے پانی کے قطروں نے جب اس کے مرجھائے ہوئے چہرے اور پیشانی کو چھوا تو اس کے اندر کی تپش اور مایوسی پر جیسے ایک عارضی ٹھنڈک اترنے لگی۔

اس نے مصلے کو نہایت احترام سے زمین پر بچھایا اور خاموشی سے رات کے آخری پہر تہجد کی نماز کے لیے کھڑی ہو گئی۔ جب وہ سجدے میں گئی تو اس بار اس سے اٹھا نہ گیا۔ اس کے ضبط کا بندھن، جو اس نے دنیا کے سامنے بڑی مشکل سے باندھ رکھا تھا، یکسر ٹوٹ گیا اور وہ زاروقطار رو پڑی۔

اس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی لمبا چوڑا حساب نہیں مانگا، نہ ہی کلاس میں اول آنے کی کوئی روایتی دعا مانگی۔ وہ بس اپنے گناہوں اور اپنی کمزوریوں کا اعتراف کرتے ہوئے روتی رہی اور دل ہی دل میں پکارتی رہی: ”یا اللہ! میں واقعی بہت تھک گئی ہوں۔ یہ زندگی میرے لیے بہت مشکل ہو چکی ہے۔ میرے اندر اب مزید اس بوجھ کو اٹھانے کی سکت نہیں ہے۔ مجھے اس ذہنی دباؤ اور مایوسی کی دلدل سے نکال لے۔“ اسی سجدے کی حالت میں، جہاں انسان اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے، نازنین کو اچانک قرآنِ مجید کی وہ آیت یاد آئی جو اس نے بچپن میں حفظ کی تھی: ”فَ اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا۔ پس بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے، یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔“

اس ایک جملے کا ذہن میں آنا تھا کہ نازنین کو یوں محسوس ہوا جیسے کوئی غیبی ہاتھ اس کے زخمی اور تڑپتے ہوئے دل پر آہستہ سے مرہم رکھ رہا ہو۔ اس نے سوچا کہ اگر یہ امتحان اتنا سخت ہے تو اس کا مطلب ہے کہ میرا رب مجھے مٹی سے سونا بنانے کے لیے اس بھٹی سے گزار رہا ہے اور وہ مجھے کسی بہت اونچے درجے کے لیے تیار کررہا ہے۔

ٹاپرز کی دوڑ اور سوسائٹی کے معیار تو دنیاوی اور فانی ہیں، لیکن اللہ کے ہاں مقبولیت انسان کی نیت اور اس کی مخلصانہ کوشش کی ہوتی ہے، صرف نتیجے کی نہیں۔

صبح کی اذان کی مدھم اور سحر انگیز آواز گونجنے تک نازنین کا دل بالکل ہلکا اور پرسکون ہو چکا تھا، جیسے برسوں کا بوجھ

سجدے میں بہہ گیا ہو۔ اس نے رحل پر قرآنِ مجید کھولا اور تلاوت شروع کی تو اتفاقاً اس کی نظر سورۂ الضحیٰ کی ان آیات پر پڑی: ”مَا وَدَّعَ رَبُّ وَمَا قَلَیٰ“ آپ کے رب نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ ہی آپ سے ناراض ہوا ہے۔“

ان الٰہی الفاظ نے نازنین کے اندر ایک بالکل نئی روح اور ناقابلِ یقین طاقت پھونک دی۔ وہ لڑکی جو چند گھنٹے پہلے زندگی سے مکمل ہار مان کر سب کچھ چھوڑ دینے کا سوچ رہی تھی، اب اس کی آنکھوں میں توکل اور امید کا ایک انوکھا اور سچا عزم چمک رہا تھا۔

اس نے گہری سانس لے کر یہ سچائی تسلیم کر لی کہ کالج کی یہ دوڑ، یہ امتحانات اور یہ دنیا کی تمام مشکلات دراصل اس کے ایمان کو مضبوط کرنے کی آزمائشیں ہیں۔ اصلی کامیابی دنیا کو نیچا دکھانے میں نہیں، بلکہ اپنے رب کی دی ہوئی صلاحیتوں کا درست استعمال کرتے ہوئے پوری ایمانداری سے محنت کرنے اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دینے میں ہے۔

اگلے دن جب نازنین کالج کے وسیع کیمپس میں داخل ہوئی تو صبح کی ہواؤں میں اسے ایک عجیب سا روحانی سکون اور تازگی محسوس ہو رہی تھی۔ اس نے اپنے اردگرد موجود دباؤ، دوستوں کی کتابی باتوں اور مقابلے کی فضا پر دھیان دینے کے بجائے اپنے دل میں ایک پکا اور اٹل ارادہ کر لیا: ”میں اب بھی محنت کروں گی، اور پہلے سے بہتر طریقے سے پڑھوں گی، لیکن اس لیے نہیں کہ مجھے دنیا کی نظروں میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنی ہے، بلکہ اس لیے کہ اپنے فرائض کو بہترین انداز میں انجام دینا اور علم حاصل کرنا میرے رب کا حکم ہے۔“

کالج کا نصاب اب بھی وہی تھا، کتابیں اب بھی اتنی ہی ضخیم اور مشکل تھیں، اور امتحانات کی تاریخ بھی نہیں بدلی تھی، لیکن نازنین کا اندرونی وجود مکمل طور پر بدل چکا تھا۔

وہ اب حالات سے ڈر کر بھاگنے والی یا زندگی سے ہاری ہوئی ایک عام لڑکی نہیں تھی، بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل توکل اور ایمان کے جذبے سے لیس، ہر طوفان کا مقابلہ کرنے والی ایک مضبوط، باوقار اور پُرعزم طالبہ بن چکی تھی، جس نے زندگی کی مشکلوں کو اپنی ترقی کا زینہ بنا لیا تھا۔

وقت گزرتا گیا۔ امتحانات آئے، کچھ پرچے آسان تھے اور کچھ توقع سے زیادہ مشکل۔ بعض دن ایسے بھی آئے جب نازنین دوبارہ پریشانی اور تھکن محسوس کرتی، مگر اب فرق یہ تھا کہ وہ مایوسی کے اندھیروں میں کھو جانے کے بجائے اپنے رب کی طرف رجوع کرتی تھی۔ اسے یقین ہو چکا تھا کہ زندگی کا حسن مشکلات کے ختم ہو جانے میں نہیں، بلکہ ان مشکلات کے درمیان امید کے ساتھ جینے میں ہے۔

نتائج کا دن آیا تو نازنین نے دھڑکتے دل کے ساتھ اپنا رزلٹ دیکھا۔ وہ پورے کالج میں پہلی پوزیشن حاصل نہ کر

سکی، مگر اس کے نمبر اس کی توقع سے کہیں بہتر تھے۔ اس لمحے اس کے لبوں پر شکر کا ایک خوبصورت تبسم پھیل گیا، کیونکہ اب اس نے سیکھ لیا تھا کہ اصل کامیابی صرف نمبروں، عہدوں یا لوگوں کی تعریف میں نہیں ہوتی، بلکہ اپنی پوری دیانت داری کے ساتھ کوشش کرنے اور پھر اللہ کے فیصلے پر راضی رہنے میں ہوتی ہے۔

اس نے آسمان کی طرف دیکھا اور دل ہی دل میں کہا: "یا اللہ! میں نے سمجھ لیا ہے کہ زندگی مشکل ضرور ہے، مگر جب تیرا سہارا ساتھ ہو تو کوئی مشکل ناقابلِ برداشت نہیں رہتی۔"

اس دن نازنین نے جان لیا کہ زندگی کی راہوں میں آنے والے طوفان انسان کو توڑنے نہیں، بلکہ اسے پہلے سے زیادہ مضبوط بنانے آتے ہیں۔ اور جو شخص ہر حال میں اپنے رب پر بھروسہ رکھتا ہے، وہ کبھی حقیقی معنوں میں ہارتا نہیں۔ کیونکہ زندگی کی سب سے بڑی کامیابی منزل تک پہنچ جانا نہیں، بلکہ راستے میں اپنے رب کو پا لینا ہے۔

☆☆☆☆☆

افسانہ معمار: ایک جائزہ

ریحانہ خاتون
بی۔اے۔اُردو آنرز، سالِ آخر

بندو جو اپنے پیشہ سے معمار تھا۔ ایک ماہر معمار ہونے کے باوجود آج کل وہ بے روزگار پھر رہا تھا۔ اس کی بیوی کو مرے ہوئے دس سال ہو چکے تھے۔ پھر بھی اس کی یاد آتے ہی اس کی حسرت زدہ آنکھیں آنسوؤں سے بھیگ جاتی تھیں۔ وہ اپنے بیٹے کی شادی کا ارمان لیے ہوئے اس دنیا سے کوچ کر گئی۔ کاش آج وہ باحیات ہوتی۔ اپنے ٹین کے جھونپڑے کے سامنے ایک پیڑ کے زیرِ سایہ غروبِ آفتاب کے سہانے منظر سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ بندو معمار اور اس کی بیوی کے اکلوتے بیٹے ابراہیم اپنی بیوی کو مکلاوہ کر کے آج اپنے گھر لانے والا تھا۔ یہی سبب تھا کہ آج بندو معمار بہت خوش تھا۔ اس کی خوشی چھپائے نہ چھپتی تھی۔ اسے اس بات کی خوشی تھی کہ برسوں پہلے اس کی بیوی کی موت کی وجہ سے اس کا گھر ویران ہو گیا تھا لیکن اس گھر کی رونق آج دوبارہ واپس آ جائے گی۔ شاید بہو کے قدموں کی برکت سے بندو معمار کا نصیب پھر جاگ اٹھے اور اسے دوبارہ روزگار میسر آ جائے۔ وہ اسی طرح کے خیالوں میں کھویا ہوا تھا کہ شام گہری ہونے لگی۔ جب آس پاس کے جھونپڑوں میں چراغ روشن ہونے لگے تو اس نے بھی سرسوں کے تیل والا چراغ روشن کر دیا۔ گھر کیا تھا بارہ مربع فٹ چاروں طرف دیواروں سے گھری ہوئی کچی زمین تھی۔ جس کے اوپر بطورِ چھت ٹین کی ایک چادر چڑھا دی گئی تھی۔ اس سے مختلف حالت بندو معمار کے ہمسایوں کی بھی نہیں تھی۔ بندو اور اس کے یہ ہمسائے دہلی سے میل بھر کے فاصلے پر آباد تھے۔ پانچ سال قبل تک وہ آٹھویں دہلی کی تعمیر کے کام میں مصروف تھے۔ جب شہر بن کر تیار ہو گیا تو وہ سب کے سب بے روزگار ہو گئے۔ فاقہ کشی ان کا مقدر ٹھہرا۔ بندو کو معماری کے فن میں مہارت حاصل تھی۔ اس کے آبا و اجداد نے لال قلعہ اور جامع مسجد جیسی عمارتوں کے معمار رہے تھے۔ خود بندو معمار وائس ریگل لاج اور اسمبلی چمبر جیسی عمارتوں کا معمار رہا۔ اب وقت ایسا آ گیا تھا کہ بندو معماری کی جگہ مزدوری کرنے لگا تھا۔ اس کا بیٹا ابراہیم ایک ٹھیکیدار کے یہاں بیرا کی نوکری کر لی۔ بیٹے کی یہ نوکری بندو کو پسند نہیں تھی۔ کیونکہ وہ ایک خاندانی معمار تھا اور وہ اپنے

بیٹے کو بھی بطورِ معمار ہی دیکھنا چاہتا تھا۔ اسے اس خاندانی پیشے پر بڑا فخر تھا۔ اس کا خیال تھا کہ اس جیسے معمار ہی تو انجینئروں کے نیلے نقشوں کو ہی تاج محل جیسا حسن، قطب مینار جیسی عظمت اور جنتر منتر جیسی حکمت عطا کر کے خوبصورت اور شاندار عمارتوں کے سانچے میں ڈھالتے ہیں۔ مگر افسوس کہ آج ایک معمار کا بیٹا دن بھر ایک جاہل، بدتمیز ٹھیکیدار کی خدمت کرنے کے لیے مجبور ہے۔ بندو کو دکھ اس بات کا تھا کہ اس کے جیسے ماہر معماروں کا نہ تو کوئی قدردان تھا اور نہ ہی پُرسانِ حال۔ وہ اسی فکر میں تھا کہ دروازے پر چچا خیر الدین کے کھانسنے کی آواز آئی۔ چچا خیر الدین کے بارے میں مشہور تھا کہ عہدِ شاہجہانی کی تمام عمارتوں کی بنیاد انھوں نے ہی رکھی تھی۔ بندو معمار نے کہا کہ ابراہیم بہو لینے گیا ہے۔ اب پہنچنے ہی والا ہوگا۔ چچا خیر الدین نے کہا کہ اچھی بات ہے۔ بہو آ جائے گی تو تیرے کھانے پینے کا خیال رکھے گی۔ لکین بندو! جب بہو آ جائے گی تو" رات کو تو کہاں سوئے گا؟" وہ چچا خیر الدین کا اشارہ سمجھ گیا۔ اس کی جھونپڑی نما گھر صرف ایک کمرے پر مشتمل تھا۔ اس نے سوچا کہ کم سے کم آج کی رات دولھا دولھن کے لیے تنہائی ضروری ہے۔ چچا خیر الدین نے کہا کہ کوئی بات نہیں ،رات میں سونے کے لیے تم میرے گھر چلے آنا۔ بندو نے سوچا کہ اگر میں سونے کے لیے ان کے گھر جاؤں گا تو برادری والے مجھ پر ہنسیں گے۔ میں کہیں اور کی راہ لوں گا۔

اس نے الگنی سے اپنی کاڑھے کی چادر لے کر کندھے پر ڈال لیا۔ سوچا کہ ایک رات کی تو بات ہے۔ جہاں جگہ ملی وہیں رات کاٹ لوں گا۔ ابھی اسی ادھیڑ بن میں تھا کہ ابرہیم اپنی نئی نویلی دلھن کو لیے پہنچا۔ دلھن بندو کے دیے ہوئے جوڑے میں ملبوس، گھونگھٹ نکالے ہوئے کھڑی تھی۔ وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ ان سے کیا بات کرے۔ اس نے ابراہیم سے کہا کہ:" ابراہیم! آ گئے تم لوگ؟" بغیر توقف کے یہ کہتے ہوئے جھونپڑی سے باہر کی راہ لی کہ اب تم لوگ آرام کرو۔ میں کہیں اور جا کر سو جاؤں گا۔ پہاڑی کے اوپر سے دیکھا تو میلوں تک نئی دہلی بجلی کے قمقموں سے جگمگا رہی تھی۔ اس نے سوچا کہ اتنے بڑے شہر میں کیا ایک آدمی کو ایک رات گزارنے کی جگہ نہیں مل سکتی؟ نئی دہلی کے ایک ایک راستے سے بندو معمار خوب واقف تھا۔ یہ اس کے اپنے ہاتھوں سے تعمیر کردہ شہر تھا۔ وہ شہر کے ہر ایک عمارت سے آشنا تھا۔ اس نے دل میں کہا کہ:" یہ ہے وائس ریگل لاج، لاٹ صاحب کے رہنے کا مکان۔ اس میں کئی سو کمرے ہیں۔ ہر کمرہ اتنا بڑا کہ اس میں بندو جیسی دس کوٹھریاں آ جائیں۔ غسل خانے، سنگ مرمر کے درجنوں، وہ بھی تو کسی کمرے سے چھوٹے نہیں اور کیا فرش ہیں چکنی اور چمکتے ہوئے۔ چاہے کھانا بکھیر کر کھا لو۔ ناچنے کا بڑا کمرہ۔ چاروں طرف آئینے ہی آئینے اور لکڑی کے فرش پر ایسا پالش کہ وہ بھی آئینہ ہی معلوم ہوتی ہے۔ اسی پر تو صاحب لوگ اور ان کی میمیں ناچتی ہیں۔"

معمار،ص:۸۱،کلیاتِ خواجہ احمد عباس،جلد اول،قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان،نئی دہلی،سنہ اشاعت:۲۰۱۷ء

لیکن آج وائس ریگل لاج میں چاروں جانب اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ پھر اسے دھیان آیا کہ لمبی چھٹیوں میں لاٹ صاحب کلکتہ چلے جاتے ہیں۔ بقول افسانہ نگار:"تو یہ اتنا بڑا محل خالی پڑا ہے۔ سیکڑوں کمرے، کمرے سے بڑے غسل خانے۔ میلوں لمبے برآمدے۔ آئینے جیسا فرش والا ناچنے کا کمرہ۔ سب خالی۔ کیا اس کے شاگرد پیشے میں، کسی گودام کی کوٹھری، کسی برآمدے میں بھی بندو معمار کو سر چھپانے کی جگہ نہیں مل سکتی؟ وائس ریگل لاج کے صدر دروازے کے پاس بندو کو ایک لکڑی کی کابک نما کوٹھری نظر آئی۔ شاید یہی خالی پڑی ہو اور وہ رات یہاں ہی بسر کر سکے گا۔ مگر وہ ادھر بڑھا ہی تھا کہ اس کابک میں سے ایک بڑی مونچھوں والا سپاہی نکلا اور بندو کو دیکھ کر للکارا۔ کون ہے۔ اور پھر قریب آ کر اب اوا چکے۔ یہاں کیا سونگھتا پھر رہا ہے؟ کیا لاٹ صاحب کی کوٹھی میں نقب لگانے کا ارادہ ہے؟"

معمار،ص:۸۲،کلیاتِ خواجہ احمد عباس،جلد اول،قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان،نئی دہلی،سنہ اشاعت:۲۰۱۷ء

بندو معمار کا دل بیٹھ گیا۔ وہ وہاں سے بڑی نا امیدی کے ساتھ اپنے دل کو یہ سمجھاتا ہوا واپس ہوا کہ اپنی عزت اپنے ہاتھ میں ہے۔ رات کے دس بج چکے تھے۔ شہر کی سڑکیں اتنی چوڑی اور صاف و شفاف تھیں کہ بندو کے جھونپڑے کا فرش بھی اتنا صاف ستھرا نہیں تھا۔ رات کی ٹھنڈ میں بندو ٹھٹھرتا ہوا آگے کی راہ لی۔ اس کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈ کی وجہ سے کانپ رہے تھے۔ وائس ریگل لاج کا منظر اس کی نظروں کے سامنے پھر رہا تھا۔ وہ سوچ رہا تھا کہ:"ایک آدمی کے رہنے کا مکان !ہاں !لاٹ بھی تو ایک آدمی ہی ہوتا ہے۔ پھر اس کے لیے کئی سو کمروں کی ضرورت ہے اور ایک ایک کمرہ اتنا بڑا کہ جس میں معماروں کی ساری بستی سما جائے۔ درجنوں غسل خانے، میلوں لمبے برآمدے۔ ناشتہ کا کمرہ الگ۔ دوپہر کے کھانے کا الگ۔ رات کو کھانا کھانے کا کمرہ الگ اور وہ شیشہ جیسی فرش والا ناچ کا کمرہ۔ ایک آدمی کے لیے یہ سب کچھ اور بندو معمار کے لیے جس نے اپنے ہاتھوں سے ان سب عمارتوں کو بنایا تھا رات گزارنے کو ایک کوٹھری بھی نہیں۔"

معمار،ص:۸۲،کلیاتِ خواجہ احمد عباس،جلد اول،قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان،نئی دہلی،سنہ اشاعت:۲۰۱۷ء

زندگی میں پہلی بار اس طرح کے سوال اس کے ذہن میں اٹھ رہے تھے۔ اسی طرح بندو نے دہلی کی تمام سڑکوں پر مارا مارا پھرتا رہا۔ مگر اسے کہیں کوئی ایسی جگہ نہ ملی جہاں وہ آج کی رات کاٹ سکے۔ اب وہ شہر کی حدود سے باہر نکل کر آگے

بڑھا تو ایک عالیشان عمارت نظر آئی۔ اب اسے معلوم ہوا کہ یہ تو ہمایوں کا مقبرہ ہے۔ اسے امید تھی کہ مقبرے کے کسی کونے میں رات گزارنے کی جگہ مل جائے گی۔ بندو اگرچہ تھک چکا تھا لیکن اس کے دل میں ایک امید سی جگ گئی۔ تیز تیز قدموں سے چلتا ہوا وہ مقبرے کے دروازے کے قریب پہنچا۔ ابھی دروازے کے اندر داخل بھی نہیں ہوا تھا کہ مقبرے کے رکھوالے نے سخت لہجے میں اسے تنبیہ کی: "ابے کون ہے تو؟ نکل سالے یہاں سے نہیں تو ایک رسید کرتا ہوں۔"

معمار، ص: ۸۳، کلیاتِ خواجہ احمد عباس، جلد اول، قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی، سنہ اشاعت: ۲۰۱۷ء

بندو بہت زیادہ مایوس ہوا۔ اس میں اتنا حوصلہ نہیں تھا کہ اس سے بحث کر سکے۔ وہ الٹے پاؤں واپس ہو گیا۔ اب اس کے ذہن میں اس طرح کے سوال بار بار پیدا ہو رہے تھے کہ: "بادشاہ مر بھی جائے تو اس کی مردہ ہڈیوں کے لیے اتنا بڑا محل چاہیے اور میری زندہ ہڈیوں کے لیے ایک کوٹھری بھی نہیں۔ آخر یہ ہمایوں کا مقبرہ کس نے بنایا تھا۔ میرے باپ دادا نے۔ اور آج مجھے یہاں سے کتے کی طرح دھتکار کر نکال دیا۔۔۔ کیوں؟ آخر کیوں؟۔۔۔ لاٹ صاحب کا محل۔۔۔ تین چار سو کمرے۔۔۔ چائے پینے کا کمرہ الگ۔۔۔ سگریٹ پینے کا کمرہ الگ۔۔۔ شراب پینے کا کمرہ الگ۔۔۔ اور ایک بادشاہ۔۔۔ جس کو مرے ہوئے کئی سو برس ہو گئے۔۔۔ اس کی قبر کے لیے بھی محل چاہیے۔۔۔ اور بندو معمار کے لیے کچھ بھی نہیں۔ آخر کیوں؟ کیوں؟ کیوں؟"

معمار، ص: ۸۳، کلیاتِ خواجہ احمد عباس، جلد اول، قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی، سنہ اشاعت: ۲۰۱۷ء

بالآخر اب وہ چلتے چلتے اس قدر تھک گیا تھا کہ اب اس کے لیے ایک قدم بھی آگے بڑھانا محال تھا۔ اب وہ اس سرد ٹھٹھرتی رات میں سڑک کے کنارے ہی چادر اوڑھ کر سو گیا۔ اور اس طرح سویا کہ وہ پھر دوبارہ اٹھ نہ سکا۔ بقول مصنف: "جب ٹانگوں نے چلنے سے جواب دے دیا تو سڑک کے کنارے ہی بندو چادر لپیٹ کر لیٹ گیا۔ نیند سولی پر بھی آ جاتی ہے۔ برف کے بھالے چبھتے رہے مگر پھر بھی بندو سو گیا۔

صبح کو پہاڑی کے پیچھے سے سورج نے منھ نکالا اور نئی دہلی پر سے کہرے کا نقاب ہٹایا۔ سورج کی کرنیں وائس ریگل لاج پر پڑیں مگر اس کی سنگین دیواروں کو توڑ کر آگے نہ جا سکیں۔ ایک کالے دیو کی طرح وائس ریگل لاج کا سایہ زمین پر رینگتا ہوا آیا اور بندو معمار کی ٹھٹھری ہوئی لاش کو پامال کرتا ہوا آگے بڑھ گیا۔"

معمار، ص: ۸۳، کلیاتِ خواجہ احمد عباس، جلد اول، قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی، سنہ اشاعت: ۲۰۱۷ء

اس افسانے میں ترقی پسندی کی اصلی روح رواں دواں ہے۔ اس میں افسانہ نگار نے جاگیر دارانہ نظام اور سامراجیت کے ظلم و جبر، بربریت اور استحصال کی کہانی اپنے طور پر افسانہ نگار نے پیش کیا ہے۔ اس افسانے کے ذریعے خواجہ احمد عباس نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ شہنشاہیت اور سامراجیت میں مزدوروں اور دبے کچلے لوگوں کے ساتھ کس طرح کا ناروا سلوک روا رکھا جاتا تھا۔ اور کس طرح ثروتمند لوگ غریبوں، محنت کشوں اور مزدوروں سے ضرورت پڑنے پر کام لے لیا جاتا تھا۔ لیکن کام نکل جانے کے بعد ان سے غیر انسانی برتاؤ روا رکھا جاتا تھا۔ ان کو ان کے بنیادی حقوق سے بھی محروم کر دیا جاتا تھا۔ دوسری بات یہ کہ اگر انسان میں انسانیت باقی نہ رہے تو بڑی بڑی عمارتیں کس کام کی۔ جس میں ایک بے سہارا انسان کو ایک رات رکنے کی جگہ بھی نہ دیا جا سکے۔ ایسی عمارتیں اور حویلیاں ایک دن ویران ہو کر دوسروں کے لیے باعثِ عبرت بن جاتی ہیں اور ان کا کوئی نام لیوا تک نہیں رہتا۔ اس افسانے میں افسانہ نگار نے طبقاتی استحصال اور سامراج کی گھناؤنی سازشوں کے خلاف آواز بلند کی ہے۔

☆☆☆☆☆

دہلی اُردو اکادمی اور رسالہ ''امنگ'' کا تعارف

عابد حسین
بی۔اے۔اُردو آنرز، سالِ آخر

دہلی اردو اکادمی دہلی حکومت کے محکمۂ آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کے تحت قائم ایک اہم ادبی، ثقافتی اور تعلیمی ادارہ ہے، جو اردو زبان و ادب کے فروغ، تحفظ اور ترویج کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اس ادارے کا بنیادی مقصد اردو زبان کو نئی نسل تک پہنچانا، ادبی ورثے کی حفاظت کرنا، اور اردو تہذیب و ثقافت کو مضبوط بنیاد فراہم کرنا ہے۔

دہلی اردو اکادمی کا قیام اس احساس کے تحت عمل میں آیا کہ اردو صرف ایک زبان نہیں بلکہ برصغیر کی مشترکہ تہذیب، ثقافت اور تاریخی شعور کی نمائندہ زبان ہے۔ دہلی چونکہ اردو زبان و ادب کا ایک اہم مرکز رہا ہے، اس لیے یہاں اردو کی ترقی کے لیے ایک منظم ادارے کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اسی مقصد کے پیش نظر اکادمی نے ادبی، تعلیمی اور ثقافتی میدان میں نمایاں خدمات انجام دینا شروع کیں۔

اکادمی کی نمایاں سرگرمیوں میں قومی اور بین الاقوامی مشاعروں کا انعقاد، ادبی کانفرنسیں، سیمینار، مذاکرے، کتابوں کی رونمائی، اور اردو سے متعلق مختلف تقریبات شامل ہیں۔ ان پروگراموں میں ملک بھر کے نامور شعرا، ادبا، محققین اور طلبہ شرکت کرتے ہیں، جس سے اردو کے علمی ماحول کو تقویت ملتی ہے۔

تعلیمی میدان میں دہلی اردو اکادمی خصوصی کردار ادا کرتی ہے۔ یہ اردو سیکھنے کے خواہش مند افراد کے لیے اردو زبان کے کورسز، رسم الخط کی تعلیم، کوچنگ کلاسز اور مختلف تربیتی پروگرام منعقد کرتی ہے۔ خاص طور پر طلبہ کے لیے مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری، اسکالرشپ اور امدادی پروگرام بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔

اشاعتی سرگرمیوں کے لحاظ سے بھی اکادمی کا کردار اہم ہے۔ یہ ادارہ اردو کی معیاری کتابیں، تحقیقی جرائد، رسائل، شعری مجموعے، تنقیدی مضامین اور تاریخی دستاویزات شائع کرتا ہے۔ اس کے ذریعے اردو کے کلاسیکی اور جدید ادب کو عام قارئین تک پہنچانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

دہلی اردو اکادمی ادیبوں، شاعروں اور صحافیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف اعزازات اور انعامات بھی دیتی

ہے۔ ادبی خدمات انجام دینے والے افراد کو مالی معاونت، ایوارڈز اور اعزازی اسناد سے نوازا جاتا ہے، جس سے اردو ادب میں نئی تخلیقی توانائی پیدا ہوتی ہے۔

اکادمی اردو صحافت اور ترجمہ نگاری کے میدان میں بھی تعاون فراہم کرتی ہے۔ اردو اخبارات، رسائل اور مترجمین کی سرپرستی کے ذریعے اردو زبان کی عصری ضرورتوں کو پورا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

مختصراً، دہلی اردو اکادمی اردو زبان و ادب کے فروغ، ادبی روایت کے تحفظ، اور نئی نسل کو اردو تہذیب سے جوڑنے والا ایک مؤثر ادارہ ہے۔ دہلی میں اردو کی بقا اور ترقی میں اس کا کردار نہایت اہم اور قابلِ قدر ہے۔

ماہنامہ ''امنگ'' کا تعارف

ماہنامہ ''امنگ'' دہلی اردو اکادمی کا ایک اہم ادبی اور تعلیمی رسالہ ہے، جو خاص طور پر بچوں اور نوعمر قارئین کے لیے شائع کیا جاتا ہے۔ اس رسالے کا بنیادی مقصد نئی نسل کو اردو زبان و ادب سے جوڑنا، ان میں مطالعے کا ذوق پیدا کرنا، اور معیاری و مفید ادب فراہم کرنا ہے۔ دہلی اردو اکادمی نے اردو زبان کے فروغ کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذہنی، اخلاقی اور تعلیمی تربیت کے لیے اس رسالے کا اجرا کیا، تاکہ بچے دلچسپ اور معلوماتی انداز میں اردو سیکھ سکیں۔

ماہنامہ ''امنگ'' اردو کے بچوں کے رسائل میں ایک ممتاز مقام رکھتا ہے۔ اس کی اشاعت باقاعدگی سے ہوتی ہے اور ہر شمارہ بچوں کے لیے نئے موضوعات، دلچسپ کہانیوں اور معلوماتی مضامین کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔ رسالے کا نام ''امنگ'' خود امید، خوشی، جوش اور نئی آرزوؤں کی علامت ہے، جو بچوں کی فطرت اور ان کے روشن مستقبل کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس رسالے میں بچوں کی دلچسپی اور ذہنی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے متنوع مواد شامل کیا جاتا ہے۔ اس میں اخلاقی اور سبق آموز کہانیاں، نظمیں، لطیفے، پہیلیاں، معلوماتی مضامین، سائنسی مضامین، تاریخی واقعات، مشہور شخصیات کے تعارف، اور قومی و سماجی موضوعات پر مضامین شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں کی تخلیقات جیسے مضامین، کہانیاں، نظمیں، خطوط اور تصاویر بھی شائع کی جاتی ہیں، جس سے بچوں میں تخلیقی اعتماد پیدا ہوتا ہے۔

ماہنامہ ''امنگ'' اردو کے بچوں کے رسائل میں ایک ممتاز مقام رکھتا ہے۔ اس کی اشاعت باقاعدگی سے ہوتی ہے اور ہر شمارہ بچوں کے لیے نئے موضوعات، دلچسپ کہانیوں اور معلوماتی مضامین کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔ رسالے کا نام امنگ ''خود امید، خوشی، جوش اور نئی آرزوؤں کی علامت ہے، جو بچوں کی فطرت اور ان کے روشن مستقبل کی نمائندگی کرتا ہے۔

اس رسالے میں بچوں کی دلچسپی اور ذہنی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے متنوع مواد شامل کیا جاتا ہے۔ اس میں اخلاقی اور سبق آموز کہانیاں، نظمیں، لطیفے، پہیلیاں، معلوماتی مضامین، سائنسی مضامین، تاریخی واقعات، مشہور شخصیات کے تعارف،

اور قومی وسماجی موضوعات پر مضامین شامل ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ بچوں کی تخلیقات جیسے مضامین، کہانیاں، نظمیں، خطوط اور تصاویر بھی شائع کی جاتی ہیں، جس سے بچوں میں تخلیقی اعتماد پیدا ہوتا ہے۔

ماہنامہ ''امنگ'' کی ایک نمایاں خصوصیت اس کی سادہ، آسان اور شستہ زبان ہے۔ چونکہ اس کا ہدف بچوں کی عمر کا طبقہ ہے، اس لیے زبان کو عام فہم رکھا جاتا ہے تاکہ بچے بآسانی مواد کو سمجھ سکیں اور اردو پڑھنے میں دلچسپی محسوس کریں۔اس رسالے کے ذریعے بچوں میں زبان دانی کے ساتھ ساتھ مطالعے کی عادت بھی فروغ پاتی ہے۔

رسالے کی طباعت بھی نہایت خوبصورت اور دلکش ہوتی ہے۔ رنگین صفحات، خوبصورت تصاویر اور جاذبِ نظر سرورق بچوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔بصری حسن کے ساتھ دلچسپ مواد اسے بچوں کے لیے مزید پرکشش بنا دیتا ہے۔

ماہنامہ ''امنگ'' کی ایک نمایاں خصوصیت اس کی سادہ، آسان اور شستہ زبان ہے۔ چونکہ اس کا ہدف بچوں کی عمر کا طبقہ ہے، اس لیے زبان کو عام فہم رکھا جاتا ہے تاکہ بچے بآسانی مواد کو سمجھ سکیں اور اردو پڑھنے میں دلچسپی محسوس کریں۔اس رسالے کے ذریعے بچوں میں زبان دانی کے ساتھ ساتھ مطالعے کی عادت بھی فروغ پاتی ہے۔

رسالے کی طباعت بھی نہایت خوبصورت اور دلکش ہوتی ہے۔ رنگین صفحات، خوبصورت تصاویر اور جاذبِ نظر سرورق بچوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔بصری حسن کے ساتھ دلچسپ مواد اسے بچوں کے لیے مزید پرکشش بنا دیتا ہے۔ ماہنامہ امنگ صرف تفریح فراہم نہیں کرتا بلکہ بچوں کی کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔اس کے مضامین میں سچائی، ایمانداری، محنت، نظم وضبط، حب الوطنی، صفائی، تعلیم کی اہمیت اور سماجی ہم آہنگی جیسے موضوعات کو نمایاں کیا جاتا ہے۔اس طرح بچے تفریح کے ساتھ ساتھ اخلاقی اور سماجی اقدار سے بھی آشنا ہوتے ہیں۔

دہلی اردو اکادمی کا یہ رسالہ اردو زبان کے فروغ میں ایک مؤثر ذریعہ ہے۔موجودہ دور میں جب بچوں کی دلچسپی زیادہ تر ڈیجیٹل ذرائع کی طرف منتقل ہو رہی ہے، ایسے میں ''امنگ'' جیسا رسالہ بچوں کو کتاب اور مطالعے کی دنیا سے جوڑنے میں مدد دیتا ہے۔

مختصراً، ماہنامہ ''امنگ'' دہلی اردو اکادمی کی ایک قابلِ قدر ادبی کاوش ہے، جو بچوں کی ذہنی نشوونما، اخلاقی تربیت اور اردو زبان کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔ یہ رسالہ بچوں کے لیے تفریح، تعلیم اور ادب کا ایک خوبصورت امتزاج ہے۔

☆☆☆☆☆

قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں
مادری زبان کی اہمیت اور معنویت

عِشاء فاطمہ
بی۔اے۔اُردو آنرز، سالِ دوم

قومی تعلیمی پالیسی 2020 ہندوستان کے تعلیمی نظام میں ایک اہم تبدیلی کی نمائندگی کرتی ہے۔اس پالیسی کا مقصد تعلیم کو زیادہ بامعنی اور طلبہ کے لیے آسان بنانا ہے، اس میں خاص طور پر ابتدائی تعلیم میں مادری زبان کو ذریعۂ تعلیم بنانے پر زور دیا گیا ہے۔قومی تعلیمی پالیسی 2020 نے ایک فارمولا نکالا جس میں 5+3+3+4 کی بات کی گئی، اس میں یہ کہا گیا کہ پانچویں جماعت تک کے طلبہ کو مادری زبان میں تعلیم دی جائے، اب قومی تعلیمی پالیسی 2020 نے کاغذی طور پر کہہ دیا اور ریاستوں نے اسے لاگو کر دیا، لیکن جس طرح سے چیزیں نمو کی اور بڑھ رہی ہیں، سبھی کچھ جدید ہو رہا ہے، اسی طرح کہیں نہ کہیں والدین یا معاشرے کی سوچ بھی بدل رہی ہے، وہ ان چیزوں کو سمجھ ہی نہیں رہے ہیں، وہ یہ بہتر طریقے سے جانتے ہیں کہ بچے کی یہ بڑھتی عمر ہوتی ہے اور وہ چیزوں کو بہت تیزی سے اپنے ذہن میں جذب کر لیتے ہیں۔اور اسی چیز پر غور کرتے ہوئے معاشرہ اور والدین کیا کرتے ہیں کہ اپنے بچوں کو مادری زبان میں تعلیم دلانے کے بجائے ان کا داخلہ ہی انگریزی میڈیم اسکول میں کراتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ ان کے بچوں کو انگریزی آئے اور وہ انگریزی میں بات کریں، یعنی کہ لوگ خود ہی ان چیزوں کو نہیں سمجھ رہے ہیں کہ مادری زبان کی اہمیت کیا ہے۔آپ نے یہ کہاوت تو سنی ہی ہوگی "کوس کوس پر پانی بدلے، چار کوس پر بانی" اور بنیادی طور پر ہندوستان میں تو ویسے بھی مختلف زبانیں ہیں، ہر ریاست کی وہاں کے علاقوں کی اپنی ایک زبان ہے۔ ہندوستان کی تو پہچان ہی اس کی تہذیب ہے اور اگر مادری زبان ہی نہیں ہوگی یا لوگ اسے خود کوئی اہمیت ہی نہیں دیں گے تو جس طرح مادری زبان ختم ہوگی، اسی طرح وہاں کی تہذیب بھی ختم ہو

جائے گی۔اس لیے یونیسکو (UNESCO) نے 17 نومبر 1999ء کو بین الاقوامی یومِ مادری زبان (International Mother Language Day) کا اعلان کیا جو ہر سال 21 فروری کو منایا جاتا ہے، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مادری زبان کی اہمیت نہ صرف ہندوستان تک محدود ہے بلکہ وہ بین الاقوامی سطح پر بھی بہت معنی رکھتی ہے۔

☆☆☆☆☆

قومی تعلیمی پالیسی 2020 اور مادری زبان

علما سیفی

بی۔اے۔اُردو آنرز، سالِ دوم

تعلیم کا اصل مقصد انسان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے اور تاریخ گواہ ہے کہ شعور کی بیداری مادری زبان کے بغیر ممکن نہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی، سن 2020 اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ ایک بچہ اپنی مادری زبان میں جتنا فطری انداز میں سیکھ سکتا ہے، وہ کسی دوسرے غیر ملکی زبان میں نہیں سیکھ سکتا۔ جب بچے اپنی ابتدائی زندگی میں دنیا کو سمجھنا شروع کرتا ہے، تو وہ اپنے اردگرد کے ماحول، گھر کے افراد اور معاشرتی تجربات سے جو کچھ سیکھتا ہے، وہ سب مادری زبان کے ذریعے ہی اسے اچھی طرح سمجھ آجاتا ہے۔ اس لیے قومی تعلیمی پالیسی سن 2020 اس حقیقت کو تسلیم کرتی ہے کہ ابتدائی تعلیم مادری زبان میں ہی دی جائے تو سیکھنے کا عمل زیادہ فطری، مؤثر اور پائیدار بن جاتا ہے۔ ایک بچہ اپنی مادری زبان میں جس آسانی سے خیالات کو سمجھتا اور بیان کرتا ہے، وہ کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں ہوتا، کیونکہ مادری زبان ہی اس کی سوچ کا بنیادی ڈھانچہ ہوتی ہے۔ اس نئی پالیسی کی اہم بات یہ ہے کہ یہ تعلیم کو بوجھ کے بجائے سمجھنے کا ذریعہ بناتی ہے۔ جب ریاضی، سائنس اور سماجی علوم جیسے مضامین مادری زبان میں پڑھائے جائیں گے، تو بچہ آسانی سے سوال کرے گا، اور اس کا اعتماد بڑھے گا۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ زبان صرف بات چیت کا ذریعہ نہیں، بلکہ اس میں ہماری تہذیب، ثقافت اور تاریخ بھی شامل ہوتی ہے۔ مادری زبان میں تعلیم دینے سے بچے اپنی جڑوں سے جڑے رہتے ہیں، اور جدید دنیا میں بھی اپنی شناخت برقرار رکھتے ہیں۔ اس پالیسی کا مقصد زبان کی بنیاد پر فرق کو کم کرنا اور سب کو برابر موقع دینا ہے۔ یہ اس سوچ کو ختم کرتی ہے کہ ذہانت صرف انگریزی یا کسی خاص زبان سے وابستہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جو بچے اپنی مادری زبان میں مضبوط ہوتے ہیں، وہ دوسری زبانیں بھی جلد سیکھ لیتے ہیں۔ ہمیں ایسے نوجوان چاہیے جو دنیا میں مقابلہ بھی کریں اور اپنی زبان اور ثقافت پر فخر بھی کریں۔ آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مادری زبان انسان کی روح آواز ہوتی ہے۔ جب تعلیم مادری زبان میں دی جائے تو وہ قوم کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی سن 2020 کا یہ قدم ہمیں روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے، جہاں بچے تعلیم یافتہ بھی ہوں گے۔ اگر ہم اس پالیسی کو صحیح طریقے سے اپنائیں تو ہندوستان کا تعلیمی نظام بہتر ہوگا اور ہم عالمی سطح پر آگے بڑھ سکیں گے۔

SATYAWATI COLLEGE, UNIVERSITY OF DELHI

PRIDE OF SATYAWATI



Prof. Dhananjay Joshi
Vice Chancellor of DTU



Pranidhi Sahwney
Dept of Economics
World Bank Consultant



Surbhi Kesar, Lecturer
Dept of Economics
SOAS University of London



Avdhesh Mishra
Founder & Member, Governing Body
The Northcap University, Gurgaon



Sagar Bagmar
IPS



Dr. Shikha Gupta, Faculty/Director
Sushma Swaraj Institute of Foreign
Service Ministry of External Affairs



Vikas Rathi
Consultant
Actuaries OnTop, Singapore



Col Vinod
Colonel In Indian Army



Dr. Rajesh Kumar
Associate Professor
BITS, Pilani



Pratik Kashyap
Executive Director,
Goldman Sachs, London, UK



Professor Kusha Tiwari
Shyam Lal College
University of Delhi



Dr. Pawan Kumar
Assistant Professor of English
Dyal Singh (E) College, DU



Sunny K Saurav
Dept of Economics
Senior Deputy Collector
Patna, Bihar.



Ningombam Victoria Chanu
Assistant Professor
Dr. Bhim RAO Ambedkar College
University of Delhi



Ram Kumar Thakur
Assistant Professor
Dept of Political Science
Hindu College, DU



Sanket Shekhar
Assistant Professor
Dept of Management Studies
Aryabhatt College, DU